آڈٹ بیوروآف سرکولیشن سے باقاعدہ تصدیق شدہ روزنامہ ABC CERTIFIED

بے باک صحافت کا ترجمان (اطلاعات)

DAILY ETTELAAT KARACHI

روزنامہ اطلاعات کراچی

بانی سیدہ زاہدہ سلطانہ — چیف ایڈیٹر طاہر ملک — ایڈیٹر: میاں طارق جاوید

ETTELAATKHI@GMAIL.COM

جلد نمبر: 26 | 26 جمادی الاول 1447 منگل 18 نومبر 2025ء قیمت 10 روپے شمارہ: 281

افغانستان کیساتھ سرحدیں غیر معینہ مدت کیلئے بند رکھنے کا فیصلہ

دوطرفہ کشیدگی میں اضافے کی وجہ طالبان حکام کی افغان تاجروں کو وارننگ ہے کہ وہ پاکستان پر انحصار ختم کر کے دیگر ملکوں کیساتھ تجارت کریں، ترجمان دفتر خارجہ کی بریفنگ

حکومت نے اس فیصلے سے کابل کو واضح پیغام دیا ہے کہ کالعدم ٹی ٹی پی و دیگر دہشت گرد تنظیموں کے خاتمہ کیلئے ٹھوس اقدامات تک تجارت و دیگر سرگرمیوں کیلئے سرحدیں نہیں کھلیں گی

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 22

ادویات فراہمی کا جائزہ لیا جائے، چیف جسٹس آئینی عدالت

شوگر سمیت مختلف ادویات کی قیمتیں کنٹرول ہو رہی ہیں، وکیل ڈریپ کا موقف

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 25

عرفان صدیقی کی خالی سینیٹ کی نشست پر پولنگ کا شیڈول جاری

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 24

ڈیرہ اسماعیل خان میں سکیورٹی فورسز کی دبنگ کارروائی

فتن الخوارج کے سرغنہ سمیت 10 دہشت گرد ہلاک، 4 زخمی ہوگئے، سیکورٹی ذرائع

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 23



کراچی، وزیراعظم شہباز شریف نیو شالیمار ایکسپریس کا افتتاح کر رہے ہیں، وزیراعلیٰ سندھ مراد علی شاہ اور وزیر ریلوے حنیف عباسی بھی موجود ہیں

جلد کراچی سرکلر ریلوے کی بحالی کا اعلان

وفاقی حکومت صوبہ سندھ کی حکومت کے تعاون سے کراچی سرکلر ریلوے کی جدید خطوط پر از سرِ نو تعمیر کے ساتھ ریلوے اسٹیشنوں کو اپ گریڈ کرے گی، وزیراعظم شہباز شریف

حکومت وسطی ایشیا تک ریلوے نیٹ ورک کی توسیع کیلئے بھی اقدامات کر رہی ہے، شالیمار ایکسپریس اور نئے تزئین و آرائش شدہ ویٹنگ ایریاز اور لاؤنجز کی افتتاحی تقریب سے خطاب

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 26

KCR منصوبہ سندھ حکومت اکیلے مکمل نہیں کرسکتی — وزیراعلیٰ سندھ

منصوبے سے کراچی میں ٹرانسپورٹ کا بڑا مسئلہ حل ہو جائیگا، وزیراعلیٰ سندھ کی کے سی آر منصوبے کیلئے وفاقی تعاون کی اپیل

ریلوے لائنوں اور شاخوں کی اپ گریڈیشن سندھ کے عوام کیلئے مثبت پیش رفت ہے، سید مراد علی شاہ کا تقریب سے خطاب

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 27



اسلام آباد، ڈنمارک کی نامزد سفیر ماجا مورٹینسن ایوان صدر میں صدر آصف علی زرداری کو اپنی اسناد پیش کر رہی ہیں

27 ویں ترمیم کے موقع پر بارگیننگ نہیں کی — مصطفیٰ کمال

آنے والے مہینوں میں ایم کیو ایم کی بلدیاتی نظام سے متعلق ترمیم آئے گی اور اسمبلی میں منظور بھی ہوگی، سینئر رہنما ایم کیو ایم

آئینی ترمیم کا بل اسمبلی میں پیش کیا گیا تھا، 26 ویں آئینی ترمیم کے وقت ہمارے بل کو کمیٹی کو بھیجا تھا، پریس کانفرنس

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 28



کراچی، وزیر اطلاعات سندھ شرجیل میمن، وزیر بلدیات ناصر شاہ کے ہمراہ پریس کانفرنس کر رہے ہیں

بنگلادیشی عدالت کا شیخ حسینہ واجد کو سزائے موت کا حکم

2 اعلیٰ عہدیدار ساتھیوں کے خلاف گزشتہ سال جولائی کی بغاوت کے دوران انسانیت کے خلاف جرائم کے جرم کا فیصلہ سنا دیا گیا

سماعت کے موقع پر سابق وزیر داخلہ اسد الزماں خان کمال اور سابق انسپکٹر جنرل پولیس چودھری عبداللہ المامون کو بھی شریک جرم نامزد کیا گیا

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 29



کراچی، ایم کیو ایم پاکستان کے سینئر رہنما سید مصطفیٰ کمال پریس کانفرنس سے خطاب کر رہے ہیں

لسانیات کا چورن بیچنے والے ہمیشہ روتے ہی رہیں گے — سعدیہ جاوید

ایم کیو ایم رہنماؤں کو اپنی ہر ناکامی کامیابی نظر آتی ہے، انہوں نے ہمیشہ بلیک میلنگ کے لیے استعفوں کا کارڈ استعمال کیا ہے

لوکل گورنمنٹ کے ساتھ جو حشر ایم کیو ایم نے کیا ہے، اس کا کوئی جواب نہیں، ان کو اختیارات نہیں چاہئیں، مصطفیٰ کمال کے بیان پر ردعمل

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 30



کراچی، گورنر سندھ کامران ٹیسوری سے پاکستان ویلز کرکٹ ایسوسی ایشن کے چیئرمین فواد اعجاز خان ملاقات کر رہے ہیں

تیز رفتار ترقی کیلئے آبادی کنٹرول کرنا ناگزیر ہے — وزیر خزانہ

پاکستان استحکام کی منزل کے حصول کے بعد اب پائیدار اقتصادی نمو کی راہ پر گامزن ہے، محمد اورنگزیب

زیادہ آبادی غربت کا باعث بنتی ہے، آبادی کے لحاظ سے وسائل کا انتظام کرنا ہوگا، منعقدہ تقریب سے خطاب

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 33

سرکاری بجلی تقسیم کار کمپنیوں کو اربوں روپے کا نقصان

بجلی وصولیوں کے نقصانات جولائی تا ستمبر 2025 میں 84 ارب روپے رہے، رپورٹ

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 31

پی آئی اے نے بنگلہ دیش بیمان ایئر لائنز کیساتھ ایک اہم کارگو انٹر لائن اسپیشل پرو ریٹ معاہدہ کر لیا

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 36

بنگلہ دیشی عدالت کا فیصلہ عبرتناک درس ہے، حافظ نعیم الرحمن

یہ وہی عدالت ہے جس نے بیشتر محب وطن و اسلامی شخصیات کو پھانسیوں کے تختے پر چڑھایا تھا

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 32

آئینی عدالت مستقل بنیادوں پر اسلام آباد ہائیکورٹ کی پرانی عمارت میں قائم کرنے کا فیصلہ

27 ویں ترمیم کیخلاف ہائیکورٹ میں ایک اور درخواست دائر

27 ویں ترمیم اور اس کے تحت ہونے والی کارروائیاں کالعدم قرار دی جائیں، درخواست گزار

خاتون سے جنسی زیادتی کے بعد نازیبا تصاویر کیس کی سماعت

نازیبا ویڈیو اور تصاویر سوشل میڈیا پر بلاک اور ہٹائی جائیں، سندھ ہائیکورٹ کا حکم

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 34

پاکستان میں شرافت، آئین اور قانون کی جگہ نہیں، اکرم راجہ

پاکستان واحد ملک ہے جہاں سویلین کا ٹرائل ملٹری کورٹس میں ہوتا ہے، رہنما تحریک انصاف

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 35



لاہور، اپوزیشن لیڈر پنجاب اسمبلی معین قریشی اور سلمان اکرم راجہ مال روڈ پر میڈیا سے گفتگو کر رہے ہیں

آئینی ترمیم مخالف جماعتوں کیساتھ ملکر احتجاج کریں گے — تحریک تحفظ آئین پاکستان

انصاف کا نظام ختم ہو جائے تو عوام کے پاس کون سا راستہ رہ جاتا ہے؟ رہنماؤں کی اسلام آباد کچہری آمد، وکلا سے ملاقات لائحہ عمل پر غور و خوض

جو مرضی پالیسی ہو پارلیمان کے سامنے پالیسی ڈسکس ہونی چاہیے، بند کمروں میں پالیسی نہیں بننی چاہیے کہ اس کا نقصان پاکستان کے لوگوں کو ہو

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 37

سپر ہائی وے پر موٹر سائیکل سوار خواتین کو گاڑی نے ٹکر ماردی

ٹریفک حادثات میں کمی کے ٹریفک پولیس کے دعوے دھرے کے دھرے رہ گئے

گلستان جوہر سے بے نامی ڈمپر پکڑا گیا، ڈرائیور گرفتار

ڈرائیور کے پاس لائسنس نہیں تھا، گاڑی میں نمبر پلیٹ یا ٹریکر موجود نہیں تھا، ٹریفک پولیس

کراچی کی ماڈل کالونی میں موٹر سائیکل چھیننے کی سی سی ٹی وی فوٹیج سامنے آگئی

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 39

ڈیفنس چیف کیلئے عاصم منیر سے اچھا کون ہوسکتا ہے، مریم نواز

فیلڈ مارشل نے بھارت کیخلاف لیڈرشپ دکھائی، نواز شریف نے کسی سے انتقام نہیں لیا

انہوں نے ہم سے انتقام لیا، ان سے اس انتقام کا انتقام قدرت نے لیا، وزیراعلیٰ پنجاب

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 38

کراچی، کوثر نیازی کالونی نارتھ ناظم آباد میں فائرنگ، 18 سالہ نوجوان زخمی



لاہور، نائب امیر جماعت اسلامی و ناظم اجتماع عام لیاقت بلوچ مینار پاکستان پر پریس کانفرنس کر رہے ہیں، ڈاکٹر اسامہ رضی، اظہر اقبال حسن و دیگر بھی موجود ہیں



آڈٹ بیوروآف سرکولیشن سے باقاعدہ تصدیق شدہ روزنامہ ABC CERTIFIED
DAILY ETTELAAT KARACHI
روزنامہ اطلاعات کراچی
ETTELAATKHI@GMAIL.COM

فوری رابطہ:
0333-3424317
0300-7002722
0320-3055279
For Ads : 0331-2407401



آڈٹ بیورو آف سرکولیشن سے باقاعدہ تصدیق شدہ روزنامہ
ABC CERTIFIED
DALIY ETTELAAT KARACHI
روزنامہ اطلاعات کراچی
ایڈیٹر: میاں طارق جاوید
ETTELAATKHI@GMAIL.COM
پبلشر سید محمد کمال نے محمدی پرنٹنگ پریس سے چھپوا کر مشرق بلڈنگ آفس نمبر 103 کورٹ روڈ کراچی سے شائع کیا۔ (ریزیڈنٹ ایڈیٹر: تحسین کمال)

دہشت گردی کے خلاف عالمی پیغام امید

بین الپارلیمانی اسپیکرز کانفرنس کے متفقہ اعلامیے میں کہا گیا ہے کہ دہشت گردی دنیا کے لیے سنگین خطرہ ہے اور اس کے خاتمے کے لیے سیکیورٹی اقدامات بلکہ پارلیمانی تعاون، مالی نگرانی اور اجتماعی عزم کی ضرورت ہے۔ دوروزہ بین الپارلیمانی اسپیکرز کانفرنس اختتام پذیر ہوگئی جب کہ اسلام آباد اعلامیہ متفقہ طور پر منظور کرلیا گیا۔ دنیا بھر کی پارلیمانوں کے اسپیکرز نے اقوام متحدہ کے چارٹر کے تحت امن، سلامتی اور ترقی کا اعادہ کیا۔ چیئرمین سینیٹ یوسف رضا گیلانی نے اختتامی اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ دہشت گردی کے خلاف جنگ میں پاکستان کی قربانیاں نمایاں ہیں۔ دہشت گردوں کا کوئی مذہب نہیں ہوتا۔ دنیا ایک بار پھر اس حقیقت کی طرف متوجہ ہوئی ہے کہ دہشت گردی محض ایک ملک یا خطے کا مسئلہ نہیں بلکہ پوری انسانیت کے لیے ایک سنگین خطرہ ہے۔ اس کانفرنس میں دنیا بھر کی پارلیمانوں کے سربراہان نے اس بات پر اتفاق کیا کہ دہشت گردی کے خاتمے کے لیے محض عسکری یا سکیورٹی اقدامات کافی نہیں، بلکہ عالمی سطح پر پارلیمانی تعاون، مالیاتی نگرانی، سیاسی عزم اور عوامی شمولیت ناگزیر ہے۔ یہ نقطہ نظر اس لیے بھی اہم ہے کہ گزشتہ دو دہائیوں میں دہشت گردی کے خلاف جنگ نے جہاں لاکھوں انسانی جانیں نگلیں، وہیں اقوام عالم کے سماجی و معاشی ڈھانچوں کو بھی بری طرح متاثر کیا۔ ایسے میں اگر عالمی پارلیمانیں مل کر کوئی لائحہ عمل طے کرتی ہیں تو یہ یقیناً ایک مثبت سمت میں قدم ہوگا۔ اسلام آباد اعلامیے کا ایک نمایاں پہلو یہ ہے کہ اس نے اقوام متحدہ کے چارٹر کے بنیادی اصولوں یعنی امن، سلامتی، ترقی اور باہمی احترام کے عزم کو دہرایا۔ اس عزم کی تجدید محض علامتی نہیں بلکہ عملی معنوں میں اس وقت کی اہم ضرورت ہے، کیونکہ موجودہ عالمی منظرنامے میں طاقت کے توازن، علاقائی تنازعات اور مفاداتی جنگوں نے دہشت گردی کے بیجوں کو مزید زرخیز زمین فراہم کردی ہے۔ اگر عالمی پارلیمانیں اجتماعی طور پر یہ طے کرلیں کہ وہ اپنے اپنے ممالک میں انتہاپسندی کے بیانیے کو روکنے کے لیے قانون سازی کریں گی، نفرت انگیز تقاریر اور شدت پسندی کے خلاف متحدہ موقف اپنائیں گی، تو دہشت گردی کے خلاف جنگ ایک نئی سمت اختیار کرسکتی ہے۔ چیئرمین سینیٹ یوسف رضا گیلانی نے کانفرنس کے اختتامی اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے درست کہا کہ دہشت گردوں کا کوئی مذہب نہیں ہوتا۔ یہ بات محض ایک سیاسی نعرہ نہیں بلکہ ایک فکری حقیقت ہے۔ دہشت گردی ہمیشہ اس خلا میں جنم لیتی ہے جہاں انصاف کمزور، معیشت غیر متوازن اور معاشرہ تقسیم در تقسیم کا شکار ہوتا ہے۔ پاکستان نے گزشتہ دو دہائیوں میں دہشت گردی کے خلاف جو قربانیاں دی ہیں، وہ کسی سے پوشیدہ نہیں۔ ہزاروں شہری، سیکیورٹی اہلکار، طلبا، علما اور سیاست دان دہشت گردی کا نشانہ بنے، مگر قوم نے اپنے حوصلے پست نہیں کیے۔

پاکستان میں موبائل نیٹ ورکس کا ہولناک بحران

عوام کی پکار اور نظام کی بے حسی!



تحریر: طاہر ملک
چیف ایڈیٹر (روزنامہ اطلاعات کراچی)

دنیا تیزی سے ترقی کی منازل طے کر رہی ہے، جہاں 5G اور 6G ٹیکنالوجیز نے زندگی کو انقلاب کی شکل دے دی ہے، وہیں پاکستان میں بنیادی موبائل سگنلز اور انٹرنیٹ کی سروسز ایک خوفناک بحران کا شکار ہیں۔ دوسرے پر سوچ کریں تو وہی مسائل کا سامنا! زوننگ کی سپیڈ کم، جاز کی ڈسکنکشن، ٹیلی نار کی سگنلز کی کمی، اور یوفون کی ناکامی سب ایک جیسے۔ عوام کی چیخیں آسمان کو چھو رہی ہیں، مگر کمپنیاں کانوں میں روئی ڈالے بیٹھی ہیں۔ ...

... پہلے تو لائٹ ہو یا نہ ہو، نیٹ ورکس بغیر رکاوٹ چلتے تھے، مگر اب چند سالوں سے کمپنیوں نے پاور بیک اپ سسٹم کو نظر انداز کر دیا ہے۔ نتیجہ؟ ایک چھوٹی سی بجلی کی بندش اور پورا علاقہ رابطے سے کٹ جاتا ہے۔ صارفین نیٹ ورک بدل بدل کر تھک چکے ہیں، ایک سے ... بند کر رہے ہیں؟ یہ سب ایک بڑی سازش کا حصہ لگتا ہے، جو پوری قوم کو ڈیجیٹل دور سے دور رکھنے کی کوشش کر رہی ہے۔ اگر فوری ایکشن نہ لیا گیا تو پاکستان پیچھے رہ جائے گا اور عوام کی پکار مزید بلند ہو گی۔ اب وقت ہے بیداری کا، ورنہ یہ بحران ملک کو تباہی کی طرف دھکیل دے گا!

کراچی میں پارکنگ مافیا کی بڑھتی ہوئی بدمعاشی



تحریر: یوسف امام

کراچی جیسے بڑے اور معروف شہر میں پارکنگ کا مسئلہ ایک عرصے سے شہریوں کے لیے اذیت کا باعث بنا ہوا ہے، لیکن اصل مسئلہ صرف جگہ کی کمی نہیں بلکہ پارکنگ مافیا کی بدمعاشی اور غنڈہ گردی ہے جو اسپتالوں، تفریحی مقامات اور دیگر عوامی جگہوں پر عام ہو چکی ہے۔ حال ہی میں میئر کراچی نے اعلان کیا ... حالانکہ میئر کے اعلان کے بعد ایسی کسی فیس کی قانونی حیثیت باقی نہیں رہی۔ اگر کوئی شہری سوال کرے یا فیس کی رسید مانگے تو پارکنگ مافیا کے کارندے بدتمیزی، دھمکیاں اور بعض اوقات ہاتھاپائی پر بھی اتر آتے ہیں۔ خاص طور پر بزرگ شہریوں کے ساتھ جو رویہ اپنایا جاتا ہے ...



پاک امریکن کلچر سینٹر میں فیشن شو کے موقع پر ماڈلز مختلف فیشن ڈیزائنرز کے ملبوسات کی نمائش کر رہی ہیں

افغانستان کی پاکستان مخالف تجارتی پالیسی: ایک خودکش اقدام؟



تحریر: انور عظیم خان ایڈووکیٹ
سینئر تجزیہ کار

افغانستان میں طالبان حکومت کے اقتصادی امور کے نائب وزیر ملا عبدالغنی برادر نے تاجروں کو ہدایت کی ہے کہ پاکستان کے بجائے دیگر ممالک کی مارکیٹوں کا رخ کریں۔ تین ماہ میں تمام اکاؤنٹس سیٹل کرتے ہوئے پاکستان سے دوائیں درآمد کرنے کا اعلان کیا ... کے لیے پاکستان نے ازبکستان کو فضائی راستے اور چین کی طرف 30 کنٹینرز منتقل کرنے کی اجازت دی، جو علاقائی معاہدوں کے تحت ہے۔ افغان برآمدکنندگان، خاص طور پر کسان، شدید مشکلات کا شکار ہیں، کیونکہ پھل اور سبزیاں پاکستان اور علاقائی ... پاکستان نے افغان پھلوں کی ایران کے راستے برآمد کی کوشش ناکام بنا دی، جبکہ 5500 سے زائد افغان کنٹینرز سرحد پر پھنسے ہیں۔ کابل کا پاکستان پر انحصار واضح ہے، مگر متبادل راستوں کی کوشش جاری ہے۔ وسطی ایشیائی ریاستوں کی مدد ... اسے علاقائی تنہائی کی طرف دھکیل رہی ہے۔ پاکستان جیسے برادر ملک کو چھوڑ کر بھارت سے ہاتھ ملانا نقصان دہ سودا ہے، جو افغان معیشت کو مزید کمزور کرے گا۔ علاقائی روابط کی اہمیت کو نظرانداز کرتے ہوئے طالبان کی پالیسی ... رکنا تنہائی کو دعوت دے رہا ہے، جبکہ پاکستان اپنے مفادات کا تحفظ کرتے ہوئے آگے بڑھے گا۔

پاکستان میں تعینات فرانس کے سفیر کا آرٹس کونسل کراچی کا دورہ

جاری ثقافتی سرگرمیوں کے فروغ کے لیے آرٹس کونسل آف پاکستان کراچی کی کاوشوں کا خیرمقدم

کراچی (اسٹاف رپورٹر) آرٹس کونسل آف پاکستان کراچی دنیا بھر کی ثقافتوں کو جوڑنے کا کام کر رہا ہے۔ ورلڈ کلچر فیسٹیول میں فرانسیسی میورل آرٹسٹ Emmanuel Bruebede ... آرٹس کونسل کے چیئرمین رضی احمد بھی ان کے ہمراہ تھے۔ اس موقع پر ورلڈ کلچر فیسٹیول کے حوالے سے تفصیلی گفتگو بھی ہوئی۔ صدر آرٹس کونسل محمد احمد شاہ نے فرانسیسی سفیر کا خیرمقدم کرتے ہوئے انہیں آرٹس کونسل کراچی کے مختلف حصوں کا دورہ کروایا جہاں ثقافتی سرگرمیاں عروج پر تھیں۔ H.E. Mr. Nicolas Galey ... H.E. Mr. Nicolas Galey, Camelia ..., H.E. Jeral ..., Alexis Chahtahtinsky ...

سابق حکومت کی ناقص پالیسی نے ملک کو بحران کے دلدل میں دھکیلا، جاوید حسین انصاری

کراچی (اسٹاف رپورٹر) پاکستان مسلم لیگ ن ڈسٹرکٹ ویسٹ کے نائب صدر جاوید حسین انصاری سے نوجوان نے ملاقات کی اور مسلم لیگ ن کی خدمات سے متاثر ہوکر مسلم لیگ ن میں شمولیت کا اعلان کیا۔ جاوید حسین انصاری نے نوجوانوں کو مسلم لیگ ن میں شمولیت کرنے پر مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا کہ ملک کا بہتر مستقبل مسلم لیگ ن کے ہاتھ میں ہے سابق حکومت کی ناقص پالیسی نے ...

اجتماع عام میں کراچی سے خواتین کا قافلہ آج روانہ ہوگا، خواتین میں جوش و خروش

دوران سفر باہمی تعاون، خیرخواہی و حسن سلوک کو شعار اور ہم سفر بہنوں کا خصوصی خیال رکھیں، جاوداں فہیم کی خواتین کو ہدایت

کراچی (اسٹاف رپورٹر) جماعت اسلامی حلقہ خواتین کراچی کے تحت اجتماع عام لاہور میں شرکت کے لیے خواتین کا پہلا قافلہ آج روانہ ہوگا، جبکہ مزید قافلوں کی روانگی اجتماع کے آغاز تک مرحلہ وار جاری رہے گی۔ خواتین اپنے اہل خانہ کے ساتھ، بسوں و ٹرینوں کے ذریعے سفر کریں گی ... سفر باہمی تعاون، خیرخواہی و حسن سلوک کو اپنا شعار بنائیں اور اپنی ہمسفر بہنوں کا خصوصی خیال رکھیں۔ روانگی کے موقع پر ناظمہ کراچی جماعت اسلامی حلقہ خواتین جاوداں فہیم نے خطاب کرتے ہوئے کہا ...

حکمرانوں کی ناقص پالیسی نے ملک کو بحران کے سوا کچھ نہیں دیا۔ حاشر عمر

کراچی (اسٹاف رپورٹر) جماعت اسلامی اورنگی ٹاؤن یوسی چیئرمین حاشر عمر وائس چیئرمین زاہد اقبال اور دیگر نے جینار پاکستان لاہور میں جماعت اسلامی کے زیر اہتمام تین روزہ اجتماع کے حوالے سے علاقہ دورہ کیا عوام کو جماعت اسلامی کی خدمات سے آگاہ کرتے ہوئے کہا کہ عوام اجتماع میں بھرپور شرکت کریں ...

عوام کا پانی عوام سے فروخت کرنے کا کاروبار عروج پر جا پہنچا۔ فضل وہاب



چیئرمین نیو کراچی ٹاؤن محمد یوسف 5-GSECTOR میں نئی تعمیر ہونے والی سڑک کے تعمیر کے افتتاح پر عوام سے خطاب کر رہے ہیں

بلاول بھٹو اور نثار کھوڑو زمینوں سمیت سسٹم کا خاتمہ کرائیں، سعید تنولی

افضل زیدی کو فوری چھ سال مکمل ہونے پر وفاق کو کرپشن انکوائری کی چارج شیٹ کے ساتھ واپس کریں

کراچی (اسٹاف رپورٹر) کراچی رائٹس آرگنائزیشن کے سربراہ سعید تنولی نے بلاول بھٹو اور نثار کھوڑو سے مطالبہ کیا ہے کہ کراچی میں کے ایم سی میں بے رحم آپریشن کرکے زمینوں سمیت سسٹم کا خاتمہ کرائیں۔ افضل زیدی کو فوری چھ سال مکمل ہونے پر وفاق کو کرپشن انکوائری کی چارج شیٹ کے ساتھ واپس کریں ... برطرفی سے پہلے بحال اختر ایس ایم جاوید کو گرفتار کریں جنہوں نے کے ڈی اے کا جعلی والامنٹ رجسٹر بنا کر ...



عوام ای چالان پر عمل کرے۔ کراچی میں ٹریفک قوانین کی بہتری میں مدد ملے گا۔ ظفر خان

کراچی (اسٹاف رپورٹر) پاکستان پیپلز پارٹی ڈسٹرکٹ ویسٹ کے سینئر رہنما ظفر خان نے کہا کہ سندھ حکومت کی ای چالان کراچی میں ٹریفک قوانین کی بہتری میں مدد ملے گا انہوں نے کہا کہ عوام ای چالان پر عمل کرے سندھ حکومت پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو کی ہدایت پر عوام کو سہولیت فراہم کرنے کی انتھک جدوجہد کرتے میں کوشاں ہیں انہوں نے کہا کہ پیپلز پارٹی عوامی مسائل کا حل چاہتی ہے اور عوامی خدمت پر یقین رکھتی ہے۔

آلودگی کے باعث سانس کی بیماریاں، آنکھوں میں جلن اور تھکاوٹ میں اضافہ ہو رہا ہے، نیاز حسین

کراچی (اسٹاف رپورٹر) پاکستان مسلم لیگ ق سندھ کے صدر ...

محمد یوسف نے 5-GSector میں نئی سڑک کے تعمیراتی منصوبے کا افتتاح کردیا

نیو کراچی ٹاؤن میں 24 پارکوں کے تزئین و آرائش مکمل کرلی گئی ہے جبکہ 12 پارکوں پر ترقیاتی کام جاری ہے

600 گلیوں میں پیور بلاکس کی تنصیب پر کام تیزی سے جاری ہے۔ چیئرمین نیو کراچی ٹاؤن

کراچی (اسٹاف رپورٹر) نیو کراچی ٹاؤن میں ترقیاتی کاموں کا سلسلہ تیزی سے جاری ہے۔ چیئرمین نیو کراچی ٹاؤن محمد یوسف نے 5-GSector میں نئی تعمیر ہونے والی سڑک کے تعمیراتی منصوبے کا باقاعدہ افتتاح کردیا۔ افتتاحی تقریب میں وائس چیئرمین شعیب بن ظہیر، مختلف یوسیز کے چیئرمین و وائس چیئرمین، کونسلرز، ٹاؤن افسران اور علاقہ مکینوں کی بڑی تعداد موجود تھی۔ اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے چیئرمین محمد یوسف نے کہا کہ 5-GSector کی یہ مرکزی سڑک کئی برسوں سے خستہ حالی کا شکار تھی، جگہ جگہ گڑھے اور ٹوٹ پھوٹ عوام کے لیے شدید تکلیف کا باعث ... ٹریک موٹر سائیکل سواروں اور گاڑی چلانے والوں کے لیے مسلسل مسئلہ بنے ہوئے ہیں، مگر اب ان دونوں شاہراہوں کو بھی مکمل طور پر بحال کیا جارہا ہے۔ اس سے 5-GSector میں آمد و رفت کہیں زیادہ آسان ہو جائے گی۔ چیئرمین محمد یوسف نے اپنے دو سالہ دور انتظامیہ کی کارکردگی کا ذکر کرتے ہوئے بتایا کہ نیو کراچی ٹاؤن واحد ٹاؤن ہے جس کے پاس اپنا واٹر پارک موجود ہے، جو 25 ٹاؤنز میں کسی اور کے پاس نہیں۔ 24 پارکوں کی تزئین و آرائش مکمل کرلی گئی ہے، جبکہ 12 مزید پارک تعمیر کے مراحل میں ہیں۔ 600 گلیوں میں پیور بلاکس بچھانے کا کام جاری ہے ...

حسین منصور: ابھرتا ہوا دانشور

جو دبے قدموں گمنامی کے پردوں کو چیر کر شہرت کی دنیا کا فاتح بنا

5 کتابوں کا مصنف، وجود و عدم کے اسرار کا متلاشی





...

پیپلز پارٹی خدمت پر یقین رکھتی ہے۔ میر محمد اکبر چانڈیو

کراچی (اسٹاف رپورٹر) پاکستان پیپلز پارٹی اوکے سپورٹر اور معروف سماجی رہنما میر محمد اکبر چانڈیو نے کہا کہ پیپلز پارٹی شہر کراچی میں سیوریج اور صفائی ستھرائی ٹھیک ہے نظام پر خصوصی توجہ دے رہی ہے شہر کراچی ترقیاتی کاموں سے مثالی بنے گا انہوں نے کہا کہ سندھ حکومت اور میئر کراچی کی خصوصی توجہ سے ترقیاتی منصوبے سے عوام کی زندگی میں واضح بہتری آرہی ہے انہوں نے کہا کہ پیپلز پارٹی خدمت پر یقین رکھتی ہے عوامی مسائل کو عوام کے دہلیز پر حل کرنا پاکستان پیپلز پارٹی کا اہم ٹارگٹ ہے۔

مہنگائی میں کمی حکومتی دعویٰ زمینی حقائق دعووں سے برعکس ہے، سلیم عطاری

رہی سہی کسر ناجائز منافع خور اور ذخیرہ اندوزوں نے پوری کردی ہے پرائس لسٹ پر عمل نہیں ہوتا

کراچی (اسٹاف رپورٹر) انجمن نوجوانان اسلام پاکستان کے سربراہ سماجی رہنما محمد سلیم عطاری نے سیاسی وسماجی کارکنان سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ایک طرف تو حکومتی نمائندگان مہنگائی کی شرح میں کمی کے دعوے کرتے نظر آتے ہیں دوسری جانب دیکھا جائے تو مہنگائی کا نہ رکنے والا سلسلہ جاری ہے زمینی حقائق دعووں کے برعکس ہیں رہی سہی کسر ناجائز منافع خور اور ذخیرہ اندوزی کرنے والوں نے پوری کردی ہیں انتظامیہ کی جانب سے جاری کردہ پرائس لسٹ پر کوئی عمل درآمد کرتا ہوا نظر نہیں آتا جو جس قیمت پر چاہتا ہے وہ اپنی چیزوں کو فروخت کررہا ہے اشیائے خورونوش سبزی، فروٹ، آٹا، چینی، آئل مقررہ کردہ قیمتوں میں دستیاب نہیں مسلسل اضافے کا رجحان ہے افسوس ناجائز منافع خوروں کو پوچھنے والا کوئی نہیں اس سے عوام کو مہنگائی کا دوہرا بوجھ برداشت کرنا پڑ رہا ہے۔ چیک اینڈ بیلنس کا کوئی موثر نظام نظر نہیں آتا۔



سردار محمد اکبر چانڈیو ...

28 ویں ترمیم میں صوبوں کی بازگشت کو حقیقت بنایا جائے، ایم پی پی

میٹروپولیٹن سٹی اور بین الاقوامی اختیارات دیے جائیں۔ تمام محکمے میئر کے ماتحت ہوتے جائیں

کراچی (اسٹاف رپورٹر) مرکزی کمیٹی (مہری پہچان پاکستان) نے کہا ہے کہ 28 ویں ترمیم میں صوبوں کی بازگشت کو حقیقت بنایا جائے۔ میٹروپولیٹن سٹی اور بین الاقوامی اختیارات دیے جائیں۔ پولیس، ٹرانسپورٹ اور تمام محکمے میئر کے ماتحت ہوتے جائیں۔ ... نے جو فیصلہ دیا تھا، تمام اداروں کا کنٹرول میئر کے اندر ہونا چاہیے۔ کراچی سمیت پورا ملک نکھر جائے گا۔ مقامی افراد شہر کو ترقی یافتہ بنائیں گے۔ بارہ صوبوں کی ملک میں بازگشت اور تفصیلات جنکی تصدیق نہیں کی جا ... رہی لیکن ملک سے لسانیت اور احساس محرومی کا خاتمہ اور ملک میں این ایف سی ایوارڈ کی منصفانہ تقسیم کے ساتھ ساتھ وفاق بھی مضبوط ہوگا معیشت کا پہیہ چلے گا۔ صوبوں میں ترقی کا مقابلہ ہوگا جو ملک کے لئے خوش آئند عمل ہوگا۔ 27 ویں ترمیم کی مخالفت سیاسی پوائنٹ اسکورنگ اور انصاف کی فراہمی میں رکاوٹ کے بجائے پارلیمنٹ کے فیصلوں کا احترام کیا جائے۔ ریاست ہی ملک کی طاقت ہے سیاست تب ہوگی جب ریاست مضبوط ہوگی۔

ڈاکٹر مہیش کمار ملانی کی زیر صدارت، میر منور تالپور کی رہائش گاہ پر، اہم اجلاس

یوم تاسیس کے پروگراموں میں بھرپور شرکت یقینی بنائیں، ڈاکٹر مہیش ملانی کی ہدایت

میرپور خاص (بیورو رپورٹ) پاکستان پیپلز پارٹی ڈویژن میرپورخاص کی ایگزیکٹو کمیٹی کا اہم اجلاس ڈویژن صدر ایم این اے ڈاکٹر مہیش کمار ملانی کی زیر صدارت، ضلع میرپورخاص کے صدر ایم این اے میر منور علی خان تالپور کی رہائش گاہ پر منعقد ہوا۔ اجلاس میں ... پیپلز پارٹی نے ہمیشہ مزدوروں اور ہاری طبقات کے حقوق کی ترجمانی کی ہے۔ انہوں نے کہا کہ بانی قائد شہید ذوالفقار علی بھٹو نے اپنے دور میں ہاریوں کو زمینیں الاٹ کیں، اور اسی روایت کے تسلسل میں چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے ہاری کارڈ کا آغاز کیا، جو کسان ...

بقیہ نمبر 01 اطلاعات

سپرنٹنڈنٹ علی حسن دل کی جانب سے 47 کامیاب امیدواروں کو بطور اسسٹنٹ سب انسپکٹر اپائنٹمنٹ آرڈر جاری کردیے گئے۔ تفصیلات کے مطابق ایس ایس پی میرپورخاص ڈاکٹر سمیر نور چند کے احکامات پر ڈی ایس پی سٹی لائٹ ٹاؤن اسلم جاگیرانی و آفس سپرنٹنڈنٹ علی حسن دل کی جانب سے سندھ پبلک سروس کمیشن کے ذریعے امتحان پاس کرنے والے 47 امیدواروں کو اپائنٹمنٹ آرڈر جاری کردیے گئے، سندھ پبلک سروس کمیشن کے ذریعے کامیاب ہونے والے امیدواروں میں 33 مرد، 02 جنرل کوٹہ اور 12 خواتین شامل ہیں، جن کو اسسٹنٹ سب انسپکٹر (BPS-11) کے عہدے پر بھرتی ہونے پر مبارکباد پیش کرتے ہوئے اپائنٹمنٹ لیٹرز جاری کردیے گئے۔ اس موقع پر ایس ایس پی میرپورخاص ڈاکٹر سمیر نور چند نے کہا کہ یہ بھرتی مکمل طور پر میرٹ، شفافیت اور قانونی تقاضوں کے مطابق عمل میں لائی گئی ہے۔ انہوں نے کامیاب امیدواروں کو مبارکباد دیتے ہوئے کہا کہ پولیس فورس میں شمولیت ایک اعزاز ہے اور نئے افسران سے توقع ہے کہ وہ ایمانداری، پیشہ ورانہ صلاحیت اور عوامی خدمت کے جذبے کے ساتھ اپنی ذمہ داریاں سرانجام دیں گے۔ ایس ایس پی نے مزید کہا کہ پولیس فورس میں نئے باصلاحیت اور تعلیم یافتہ نوجوانوں کی شمولیت سے ضلع میں امن و امان کے قیام اور قانون کی بالادستی مزید مضبوط ہوگی۔

بقیہ نمبر 02 اطلاعات

کے مطابق ڈی ایس پی سید اعجاز شاہ کو پولیس محکمے میں ایمانداری کی سزا کے طور پر نواب شاہ سے ضلع بدر کر کے میرپورخاص بھیجا گیا تھا۔ انہوں نے تعیناتی کے فوراً بعد لائسنس برانچ میں جاری بے ضابطگیوں کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے نظام کو مکمل طور پر شفاف بنانے کے اقدامات کیے، جس سے سیاسی و بااثر افراد سمیت متعلقہ حلقوں میں بے چینی پھیل گئی ہے۔ ڈی ایس پی سید اعجاز شاہ کا کہنا ہے کہ انہوں نے پوری سروس میں ایمانداری کو اپنا فرض سمجھ کر ڈیوٹی انجام دی ہے۔ ان کا مزید کہنا تھا کہ میں نے حرام نہیں کھایا ہے اور نا اپنے بچوں کو کھلایا ہے۔ الحمدللہ میرے بچے تہجد گزار ہیں۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ ڈی ایس پی سید اعجاز شاہ کے اقدام سے لائسنس برانچ میں برسوں سے جاری کرپشن کا خاتمہ ہونے کی امید پیدا ہوگئی ہے اور اب ڈرائیونگ لائسنس صرف قانونی طریقہ کار کے مطابق جاری کیے جا رہے ہیں۔

بقیہ نمبر 03 اطلاعات

علمائے کرام، سماجی رہنماؤں، نوجوانوں اور عوام اہلسنت کی بڑی تعداد نے اس عظیم الشان کانفرنس میں شرکت کی۔ کانفرنس کا آغاز تلاوت قرآن مجید اور نعت رسول مقبول ﷺ سے ہوا۔ کانفرنس کے مرکزی اور خصوصی خطاب حضرت مولانا محمد احمد لدھیانوی نے فرمایا۔ جن کے خطاب کا شرکائے کانفرنس نے خیر مقدم کیا۔ کانفرنس ختم نبوت ﷺ اور عظمت صحابہ و اہل بیت زندہ باد کے نعروں سے گونج رہی۔ اس عظیم الشان کانفرنس سے حضرت مولانا محمد احمد لدھیانوی نے اپنے تاریخی اور ولولہ انگیز خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ختم نبوت محض ایک عقیدہ نہیں بلکہ یہ پوری امت مسلمہ کی وحدت، ایمان اور دین کی بنیاد ہے۔ حضور نبی کریم ﷺ اللہ تعالیٰ کے آخری نبی ہیں اور آپ ﷺ کے بعد نہ کوئی نبی آیا ہے نہ آئے گا اور جو کوئی اس عقیدے میں شکوک پیدا کرے وہ امت کے عقیدے پر حملہ کرتا ہے۔ ہم پر لازم ہے کہ ختم نبوت کے تحفظ کے لیے ہر میدان میں ڈٹ کر کھڑے ہوں۔ انہوں نے کہا کہ صحابہ کرام وہ مقدس جماعت ہے جس نے رسول اللہ ﷺ کا ساتھ دیا، قرآن کی آیات کو عملی شکل دی، دین ہم تک پہنچایا۔ ان کی ذات پر زبان درازی درحقیقت دین اسلام پر حملہ ہے۔ ہم صحابہ کی عزت و حرمت پر کوئی سمجھوتہ نہیں کر سکتے۔ امت مسلمہ کا ایمان ہے کہ صحابہ سچے، بہادر، اللہ کے برگزیدہ بندے تھے۔ ان کے بغیر دین کی کوئی عمارت قائم نہیں ہو سکتی۔ انہوں نے کہا کہ اہل بیت رسول ﷺ کی محبت ہمارے ایمان کی تکمیل ہے۔ سیدنا علی، سیدہ فاطمہ، حسنین کریمین اور آل رسول ﷺ کی عظمت ہمارے دلوں کی دھڑکن ہے۔ صحابہ اور اہل بیت کو ایک دوسرے کے مقابل کھڑا کرنا دراصل دشمنان اسلام کی سازش ہے۔ صحابہ اور اہل بیت دونوں اسلام کی روشن دلیلیں اور ہدایت کے مینار ہیں۔ مولانا محمد احمد لدھیانوی نے کہا کہ آج امت جن آزمائشوں سے گزر رہی ہے، ان میں سب سے بڑی آزمائش انتشار ہے۔ ہمارا فرض ہے کہ نفرت، فرقہ واریت اور غلط پروپیگنڈے کا مقابلہ کریں۔ ہم نے ہمیشہ اتحاد امت، اخوت اسلامی اور رواداری کا درس دیا ہے۔ ایک دوسرے کو کافر قرار دینے کی فضا ختم کرنا ہوگی۔ انہوں نے کہا کہ آج کا نوجوان اسلام کا عظیم سرمایہ ہے۔

بقیہ نمبر 04 اطلاعات

مرکزی سڑک کئی برسوں سے خستہ حالی کا شکار تھی، جگہ جگہ گڑھے اور ٹوٹ پھوٹ عوام کے لیے شدید تکلیف کا باعث بنے ہوئے تھے۔ عوامی مشکلات کو مدنظر رکھتے ہوئے ہم نے اس سڑک کی نئے سرے سے تعمیر کا فیصلہ کیا ہے، اور انشاءاللہ یہ منصوبہ جلد مکمل کر دیا جائے گا۔ انہوں نے مزید بتایا کہ 5-GSector میں داخلے کے لیے بن قاسم اسٹیڈیم کی طرف سے آنے والا مرکزی راستہ بھی شدید خرابی کا شکار ہے۔ یہ دونوں ٹریک موٹر سائیکل سواروں اور گاڑی چلانے والوں کے لیے مسلسل مسئلہ بنے ہوئے ہیں، مگر اب ان دونوں شاہراہوں کو بھی مکمل طور پر بحال کیا جا رہا ہے۔ اس سے 5-GSecto میں آمد و رفت کہیں زیادہ آسان ہو جائے گی۔ چیئرمین محمد یوسف نے اپنے دو سالہ دور انتظامیہ کی کارکردگی کا ذکر کرتے ہوئے بتایا کہ نیو کراچی ٹاؤن واحد ٹاؤن ہے جس کے پاس اپنا واٹر پارک موجود ہے، جو 25 ٹاؤنز میں کسی اور کے پاس نہیں۔ 24 پارکوں کی تزئین و آرائش مکمل کر لی گئی ہے، جبکہ 12 مزید پارک تعمیر کے مراحل میں ہیں۔ 600 گلیوں میں پیور بلاکس بچھانے کا کام جاری ہے اور ڈیڑھ سو سے زائد گلیاں مکمل ہو چکی ہیں۔ مجموعی طور پر 25 لاکھ اسکوائر فٹ پیور بلاکس کی سڑکوں پر کام تیزی سے جاری ہے۔ انہوں نے کہا کہ گزشتہ 50 سال میں نیو کراچی ٹاؤن میں اس سطح کے ترقیاتی کام کبھی نہیں ہوئے۔ پہلی بار یہ ٹاؤن بڑے پیمانے پر حقیقی ترقی کی طرف بڑھ رہا ہے اور اب نیو کراچی واقعی تبدیل ہو رہا ہے۔

بقیہ نمبر 05 اطلاعات

کا شکار ہیں مظاہرین سے خطاب کرتے ہوئے عمیر مگرزی، زوہیب خاصخیلی، عبدالسحاق اور ایاز خاصخیلی نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ پولیس کی ویٹنگ لسٹ میں شامل امیدوار تمام مرحلے پورے کر چکے ہیں، انٹرویو اور ٹیسٹ پاس کرنے کے باوجود انہیں آفر آرڈر جاری نہ کرنا ناانصافی اور محکمہ پولیس کی غفلت کی بدترین مثال ہے۔ انہوں نے کہا کہ بے روزگاری کے اس دور میں امیدوار اپنے مستقبل کو لے کر شدید تشویش میں مبتلا ہیں جبکہ حکومتی احکامات کے باوجود متعلقہ محکمہ خاموش تماشائی بنا ہوا ہے۔ مظاہرین نے وزیراعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ، وزیر داخلہ ضیاء الحسن لنجار اور آئی جی سندھ غلام نبی میمن سے مطالبہ کیا کہ محکمہ پولیس کے ویٹنگ امیدواروں کو فوری آفر آرڈر جاری کیے جائیں تاکہ نوجوانوں میں پھیلی بے چینی کا خاتمہ ہو سکے۔ احتجاج میں شریک شرکا نے خبردار کیا کہ اگر حکومتی اقدامات پر فوری عملدرآمد نہ ہوا تو احتجاج کا دائرہ مزید وسیع کیا جائے گا۔

بقیہ نمبر 06 اطلاعات

رہائشی منظور پانچوڑ نے بتایا کہ وہ آج ایک بار پھر دلدار بھٹی کے گھر اپنی رقم لینے گیا تو گھر والوں نے بتایا کہ دلدار موجود نہیں۔ اسی دوران اس نے تلاش کے بعد دلدار بھٹی کو ایک ہوٹل میں دیکھا۔ منظور کے مطابق اسے دیکھتے ہی دلدار بھٹی نے اشتعال میں آ کر پستول نکالا اور اس پر حملہ کرنے کی کوشش کی جبکہ سنگین نتائج کی دھمکیاں بھی دیں۔ متاثرہ شہری نے ڈی آئی جی میرپورخاص، ایس ایس پی میرپورخاص اور حلقہ انتظامیہ سے مطالبہ کیا ہے کہ اسے تحفظ فراہم کیا جائے، اس کی رقم واپس دلوائی جائے اور دلدار بھٹی کے خلاف سخت قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے۔

بقیہ نمبر 07 اطلاعات

دیسرا ضلع غلام طیر کے اندرونی علاقوں کو جوڑتی ہے بلکہ بن قاسم انڈسٹریل زون اور ملحقہ کی جانب جانے والے تجارتی و صنعتی راستوں کے ساتھ بھی بنیادی رابطے کی سہولت فراہم کرتی ہے۔ منصوبے کی تخمینی لاگت 496 ملین روپے ہے، جس میں سڑک کی مکمل بحالی، نکاسی آب کے نظام کی بہتری، لین مارکنگ اور پائیدار انفراسٹرکچر کی تعمیر شامل ہے۔ تعمیراتی مدت ایک سال مقرر کی گئی ہے اور توقع ہے کہ تکمیل کے بعد یہ شاہراہ شہریوں کو زیادہ محفوظ، مضبوط اور آرام دہ سفر فراہم کرے گی۔ میئر کراچی بیرسٹر مرتضیٰ وہاب نے اس منصوبے کی اسٹریٹجک اہمیت پر زور دیتے ہوئے متعلقہ محکموں کو ہدایت کی ہے کہ اسے فاسٹ ٹریک بنیادوں پر شفافیت، بروقت تکمیل اور معیار پر سمجھوتہ کیے بغیر مکمل کیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ کے ایم سی کی جاری انفراسٹرکچر ری کنسٹرکشن مہم کا مقصد کراچی کے شہری منظرنامے میں نمایاں اور معنی خیز بہتری لانا ہے۔ میئر کراچی نے کہا کہ ہماری ترجیح کراچی کے شہریوں کو محفوظ، ہموار اور قابل اعتماد شاہراہیں فراہم کرنا ہے جو ایک بڑھتے ہوئے شہر کی ضروریات میں شامل ہے۔ یہ منصوبہ شہر کے انفراسٹرکچر کی از سر نو تعمیر اور اہم رہائشی و صنعتی علاقوں تک بہتر رسائی کی سمت ایک اور قدم ہے۔ اس کوریڈور کی بحالی سے ٹریفک کے دباؤ میں نمایاں کمی، تجارتی سرگرمیوں میں بہتری اور ہزاروں روزانہ سفر کرنے والوں کے لیے بہتر سفری سہولت متوقع ہے۔ کے ایم سی اپنی طویل مدتی حکمت عملی کے تحت شہریوں کو ایک جدید، فعال اور عوام دوست کراچی فراہم کرنے کے لیے مزید ایسے منصوبے شروع کرنے کے لیے پرعزم ہے۔

بقیہ نمبر 08 اطلاعات

احمد کی ساس اور مشتاق زاہد ربانی کی بلند درجات کے لیے دعا کی چیئرمین سید وکیل احمد نے کہا کہ سردی کے موقع پر مخیر حضرات کو چاہیے کہ اپنے اس پاس غریب مستحق افراد میں گرم کمبل تقسیم کریں انہوں نے کہا کہ سردی غریبوں کی خدمت کرنے کا درس دیتا ہے انہوں نے کہا کہ انسانیت کی خدمت کرنا عبادت ہے اور گزشتہ 20 سال سے السید ویلفیئر ٹرسٹ بلا رنگ و نسل عوامی فرائض انجام دے رہی ہے انہوں نے کہا کہ انسانیت کی خدمت کرنا میری زندگی کا مقصد ہے مخیر حضرات ہمارا بازو بنے انہوں نے کہا کہ غریبوں کی خدمت کا جذبہ رکھنے والوں کے لیے اللہ تعالیٰ کے خزانے سے کمی نہیں ہوتی اگر سردی کے موقع پر مخیر حضرات نے ہمارے ساتھ تعاون کیا تو آپ کی دی ہوئی امانت ایمانداری سے مستحق تک پہنچائیں گے انہوں نے کہا کہ ضرورت مندوں کی خدمت اللہ تعالیٰ کو راضی کرنے کا بہترین طریقہ ہے بلکہ کے عہدیداران غریب مستحق افراد کی خدمت کرنے میں بڑھ چڑھ کر حصہ لے۔

بقیہ نمبر 09 اطلاعات

کے واجبات 229 ارب روپے ہو گئے، 42 ارب روپے اصل رقم، 187 ارب روپے سود کی مد میں بنتے ہیں۔ جون 2025 تک کے الیکٹرک پر وفاقی حکومت کے واجبات 218 ارب روپے تھے، کے الیکٹرک پر واجبات نیشنل گرڈ سے بجلی فراہمی کی مد میں بنتے ہیں۔

بقیہ نمبر 10 اطلاعات

بروز خراب ہوتے جا رہے ہیں۔ قسیم خان نے کہا کہ ملک کی ترقی اور خوشحالی عمران خان کی رہائی سے وابستہ ہے، اور اسی مقصد کے لیے ہماری جدوجہد جاری ہے۔ جواب فیصلہ کن مرحلے میں داخل ہو چکی ہے۔ ظلم جب بڑھتا ہے تو مٹ جاتا ہے، اور ملک میں ظلم و جبر کی انتہا ہو چکی ہے۔ عوام کے دلوں میں نفرتیں بڑھانے کے بجائے عوام کی امنگوں کے مطابق فیصلے کیے جائیں اور عوام کا چوری شدہ مینڈیٹ واپس کیا جائے۔ قسیم خان نے کہا کہ مہنگائی ملک کی تاریخ کی بلند ترین سطح پر پہنچ چکی ہے۔ پٹرول، ڈیزل، بجلی، گیس، آٹا، چینی، گھی، دالیں اور چاول عام آدمی کی پہنچ سے دور ہو چکے ہیں۔ بے روزگاری میں مسلسل اضافہ ہو رہا ہے۔ اسمبلیوں میں عوامی مسائل حل کرنے کے بجائے ذاتی مفادات کے تحت ترامیم لائی جا رہی ہیں، جو کسی صورت قابل قبول نہیں۔ انہوں نے کہا کہ ملک کی ترقی و خوشحالی کے لیے فوری سیاسی استحکام ضروری ہے، اور عوام کے ووٹ سے منتخب نمائندوں کو اقتدار سونپا جائے۔

بقیہ نمبر 11 اطلاعات

بھی جارحیت یا سازش کا ڈٹ کر مقابلہ کیا جائے گا۔ پاکستان ایک ایٹمی طاقت ہے، اس کی دفاعی صلاحیتیں دنیا میں مستحکم اور مضبوط تصور کی جاتی ہیں۔ ثروت اعجاز قادری کا مزید کہنا تھا کہ دشمنوں کے عزائم کتنے ہی گھناؤنے کیوں نہ ہوں، قوم متحد ہو تو کوئی طاقت پاکستان کی طرف میلی آنکھ سے نہیں دیکھ سکتی۔ قوم کو انتشار اور پروپیگنڈے سے دور رہنے کی ضرورت ہے۔ سوشل میڈیا سمیت مختلف پلیٹ فارمز پر پھیلائی جانے والی غلط فہمیاں ملک دشمن بیانیے کو تقویت دیتی ہیں، عوام ایسے جھوٹے پروپیگنڈے کا حصہ بننے کے بجائے ملکی استحکام کے لیے اپنا مثبت کردار ادا کریں۔ پاکستان سنی تحریک کا ہر کارکن وطن کی سلامتی اور امن کے لیے اپنا کردار ادا کرتا رہے گا۔ پاکستان کا مستقبل روشن ہے، مضبوط دفاع، باہمی اتحاد اور ذمہ دارانہ طرز عمل ہی قوموں کو طاقت بخشتا ہے۔ پاکستان کے عوام، ادارے اور قیادت ایک ساتھ ہوں تو ملک مزید مضبوط، مستحکم اور ترقی کی راہ پر گامزن رہے گا۔

بقیہ نمبر 12 اطلاعات

دیتے ہوئے کہا ہے کہ شرجیل میمن وہ باتیں کر رہے ہیں جن کا حقیقت سے کوئی تعلق نہیں [illegible] سے پہلے پیپلز پارٹی یہ بتائے کہ گزشتہ پندرہ برس میں سندھ کے شہری علاقوں کو تباہی کے سوا کیا دیا؟ کراچی، حیدرآباد اور دیگر شہری علاقے آج جس حالت میں ہیں، وہ پیپلز پارٹی کی بدانتظامی، کرپشن اور سیاسی تعصب کا سیدھا نتیجہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایم کیو ایم نے کبھی نفرت کی سیاست نہیں کی، یہ پیپلز پارٹی ہے جو ہمیشہ سندھ کو شہری و دیہی خانوں میں بانٹ کر اپنی سیاست چلاتی آئی ہے۔ شرجیل میمن جیسے وزرا سیاست کی باتیں کرکے اپنی ناکامیوں پر پردہ ڈالنے کی ناکام کوشش کر رہے ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ 18ویں ترمیم کے نام پر صوبائی خودمختاری کا نعرہ لگانے والے پیپلز پارٹی رہنما یہ نہیں بتاتے کہ اختیارات صوبے کے اندر کیوں منتقل نہیں کیے؟ مقامی حکومتوں کو اختیارات دینے سے خوف کیوں ہے؟ 27ویں ترمیم پر ہمارا اعتراض اصولی تھا، کیونکہ پیپلز پارٹی ہمیشہ چاہتی ہے کہ اختیارات چند افراد کی جیب میں رہیں، عوام تک نہ پہنچیں۔ رکن اسمبلی نے کہا کہ پیپلز پارٹی اپنی کرپشن، خراب گورننس اور سندھ کے شہری علاقوں سے دشمنی کا حساب دینے کے بجائے ایم کیو ایم پر الزام تراشی کر رہی ہے۔ شرجیل میمن کو چاہیے کہ آئینہ دیکھیں اور لیکچر دینے سے پہلے کراچی اور حیدرآباد کے تباہ حال اسپتال، سڑکیں، پانی کا نظام اور بلدیاتی ڈھانچہ دیکھیں، ایم کیو ایم کا مؤقف واضح ہے کہ سندھ کے شہری علاقوں کا حق کوئی نہیں چھین سکتا، چاہے پیپلز پارٹی کتنی ہی سیاسی بیان بازیاں کیوں نہ کر لے۔

بقیہ نمبر 13 اطلاعات

اور ضلع میں مختلف مقامات پر مانیٹرنگ کے نظام کو فعال بنایا جائے گا بلکہ گرین اینڈ سیف سٹی کا مقصد تاجروں اور عام عوام کو ہر حادثے سے محفوظ بنانا اور ضلع کو صاف ستھرا اور تجاوزات سے پاک بہتر ماحول مہیا کرنا ہے، ان کیمروں کے ذریعے بہتر مانیٹرنگ ممکن ہو سکے گی، ٹریفک جام حادثات اور تجاوزات کی وجہ سے پیدا ہونے والی مشکلات سے متعلق فوری معلومات مل سکیں گی، اور جرائم کی روک تھام میں نمایاں بہتری آئے گی۔ یہ منصوبہ حکومت سندھ کے احکامات کے مطابق ضلعی انتظامیہ اور پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ کے تعاون سے شروع کیا جا رہا ہے۔ اس اقدام کا بنیادی مقصد شہریوں اور تاجروں کے لیے زیادہ سے زیادہ محفوظ، صاف اور منظم ماحول فراہم کرنا ہے۔ ڈپٹی کمشنر سینٹرل طحہ سلیم نے عوام اور تاجروں سے درخواست کی کہ وہ انتظامیہ کے ساتھ تعاون جاری رکھیں تاکہ ضلع وسطی میں نظم و نسق اور سیکیورٹی کے نظام کو مزید مضبوط بنایا جا سکے۔

بقیہ نمبر 14 اطلاعات

شرکت کی۔ اس موقع پر مقررین نے زرعی شعبے کو مضبوط بنانے کیلئے حکومت کے پختہ عزم کو اجاگر کیا۔ اس موقع پر اینگرو فرٹیلائزرز نے حکومت پنجاب کے سیلاب بحالی پروگرام کے تحت کسانوں کی بحالی اور ربیع کی فصل کی بروقت کاشت کو یقینی بنانے کیلئے سیلاب سے متاثرہ 2737 کسانوں میں گندم اور سبزیوں کے اعلیٰ معیار کے بیج مفت تقسیم کیے۔ اس موقع پر صوبائی وزیر زراعت عاشق حسین کرمانی، سیکرٹری پنجاب زراعت افتخار علی سہو نے بہاولپور میں "اینگرو مرکز" آؤٹ لیٹ کا بھی افتتاح کیا۔ اینگرو مرکز کسانوں کو براہ راست رہنمائی، زرعی مشاورتی خدمات تکنیکی معاونت اور جدید زرعی سلوشنز فراہم کرنے کیلئے قائم کیا گیا ہے۔ اینگرو مرکز کا مقصد جدید زرعی اور ڈیجیٹل سہولیات کی کاشتکاروں تک رسائی ہے تاکہ وہ ایک ہی پلیٹ فارم سے تکنیکی تربیت، معلومات اور جدید زرعی مشاورت حاصل کر سکیں۔ اس موقع پر اینگرو فرٹیلائزرز کے نائب صدر کمرشل عاطف محمد علی نے کہا کہ پنجاب حکومت کے ساتھ اشتراک کسانوں کو پائیدار زرعی ترقی کیلئے درکار جدید آلات اور مہارت سے آراستہ کرنے کے ہمارے مشترکہ ہدف کی عکاسی ہے۔ اینگرو مرکز جیسے اقدامات کے ذریعے، محکمہ زراعت پنجاب کی گندم کی کاشت کی مہم میں ہماری شمولیت اور گندم اور سبزیوں کے بیجوں کی مفت فراہمی کے ذریعے ہمارا مقصد کسانوں کو وسائل اور آگاہی کے ذریعے بااختیار بنانے کے ساتھ ساتھ زیادہ پیداوار حاصل کرنے اور طویل المدتی ترقی کو قابل بنانا ہے۔ اس موقع پر صوبائی وزیر زراعت عاشق حسین کرمانی نے اپنے خطاب میں کہا کہ حکومت پنجاب گندم کی کاشت کی اس مہم کے ذریعے غذائی تحفظ کو یقینی بنانے اور کاشتکاروں کی زندگیوں کو بہتر بنانے کیلئے پرعزم ہے۔ حکومت اور پرائیویٹ سیکٹر کی اس طرح کی مشترکہ کوششوں سے کسانوں کی خوشحالی اور زراعت پر مثبت اثرات مرتب ہو سکتے ہیں۔ ہم پنجاب میں کھادوں کے متوازن استعمال اور کاشتکاری کے پائیدار طریقوں کو فروغ دینے کیلئے اینگرو کے مسلسل تعاون کو سراہتے ہیں۔ اس موقع پر سیکرٹری پنجاب زراعت افتخار علی سہو نے کہا کہ پائیدار زرعی ترقی کا انحصار جدت، آگاہی اور حکومت اور نجی شعبے کے درمیان تعاون پر ہے۔ کسانوں میں آگاہی کو فروغ اور معیاری معلومات تک رسائی کیلئے مل کر کام کرنے سے ہم پیداواری صلاحیت کو نمایاں طور پر بہتر کرنے کے ساتھ ساتھ پنجاب کے طویل المدتی غذائی تحفظ کے اہداف کو سپورٹ کر سکتے ہیں۔ زراعت کی ترقی اور کسانوں کی خوشحالی کیلئے وزیراعلیٰ پنجاب کے اقدامات کو عملی جامہ پہنایا جا رہا ہے۔ کنونشن میں کسانوں، حکومتی نمائندوں اور زرعی ماہرین کی ایک بڑی تعداد نے شرکت کی۔ کنونشن میں ملک کی زرعی شعبے کو تبدیل کرنے اور ایک پائیدار، مضبوط اور پیداواری زرعی نظام کو یقینی بنانے کیلئے پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ کی اہمیت کو اجاگر کیا گیا۔

بقیہ نمبر 15 اطلاعات

زیر اہتمام منعقدہ علامہ اقبال بین الکلیاتی و بیاصاتی مقابلہ معلومات کے شرکاء سے بحیثیت مہمان خصوصی خطاب کرتے ہوئے کیا۔ تقریب کی صدارت سابق پرنسپل سینٹ پیٹرک کالج پروفیسر مذکور الرحمٰن نے کی۔ اس موقع پر گورنمنٹ کالج فار مین ناظم آباد کے پرنسپل پروفیسر عارف طوطی، PQS رجسٹرڈ کے چیئرمین حافظ نسیم الدین سوسائٹی کے صدر زاہد احمد، ڈاکٹر ایس ایم سعید انوید پاشا اور دیگر نے بھی اپنے خیالات کا اظہار کیا۔ سوالات پوچھنے کے فرائض جنرل سیکریٹری ڈاکٹر فیضان احمد اور حافظ نسیم الدین نے انجام دیئے۔ صدر نشین مذکور الرحمٰن نے کہا کہ کوئز میں مہارت ناقابل تسخیر جذبہ ہے۔ یہ شوق رکھنے والے طلبہ و طالبات زندگی کے کسی میدان میں کبھی ناکامی سے دوچار نہیں ہوتے جس کی مثال سوسائٹی کی روح رواں حافظ نسیم ہیں۔ چیئرمین PQS رجسٹرڈ حافظ نسیم الدین نے کہا کہ شاعر مشرق علامہ اقبال قوم کے ان محسنوں میں شمار ہوتے ہیں جن کے افکار و نظریات کا مسلمانان برصغیر نے براہ راست اثر لیا اور جس کے نتیجے میں پاکستان معرض وجود میں آیا۔ انہوں نے کہا کہ علامہ اقبال پیغمبروں کے شاعر اور شاعروں کے پیغمبر تھے۔ ان کے انقلاب کا سورج مشرق سے طلوع ہوتا ہے اور ان کی افکار کریں اسلامی مشرق کو بیدار دیکھتا اور سرگرم عمل کرتی ہیں مگر اس کی روشنی پورے عالم اسلام پورے عالم انسانی کو منور کرتی ہے۔ مصنفین کرام محمد زین مرویہ جبار اور محمد ناصر کے متفقہ فیصلے کے مطابق گورنمنٹ کالج فار وومن شاہراہ لیاقت، گورنمنٹ کالج فار مین ناظم آباد اور پی ای سی ایچ ایس گرلز کالج اور ایس ایم سائنس کالج بالترتیب اول، دوم، سوم اور خصوصی انعامات کے مستحق قرار پائے۔ علامہ اقبال کوئز رننگ ٹرافی مستقل ایک سال کے لیے گورنمنٹ کالج فار وومن شاہراہ لیاقت کے حصہ میں آئی۔

بقیہ نمبر 16 اطلاعات

آئینی عدالت کا قیام عدلیہ کی مضبوطی نہیں بلکہ من پسند فیصلے حاصل کرنے کے لئے کیا گیا۔ سندھ میں آئینی بینچ کا قیام عدلیہ کی آزادی کو ختم کرنے کے مترادف ہے۔ ہائی کورٹس آئین کے بنیادی ڈھانچے کا حصہ ہے۔ کسی بھی عمومی قانون سازی سے ہائی کورٹ کو آئین سے علیحدہ نہیں کیا جاسکتا۔ آرٹیکل 202A کے ذریعے آرٹیکل 199 کے تحت درخواستیں آئینی بینچ کا دائرہ اختیار قرار دیا گیا ہے۔ 26ویں ترمیم سے قبل چیف جسٹس آف پاکستان کی تقرری میں ایگزیکٹو کا کوئی کردار نہیں ہوتا تھا۔ 27ویں ترمیم کے ذریعے ترمیمات آئینی غیر قانونی ہے۔ درخواست میں استدعا کی گئی ہے کہ 27ویں ترمیم کو آئین سے متصادم قرار



سنی رابطہ کونسل میرپورخاص کے زیرِ اہتمام 34 ویں عظیم ختم نبوت کانفرنس

مشائخ عظام، سیاسی رہنماؤں، نوجوانوں اور عوام اہلسنت کی بڑی تعداد نے اس عظیم الشان کانفرنس میں شرکت کی

ختم نبوت محض ایک عقیدہ نہیں بلکہ یہ پوری امت مسلمہ کی وحدت، ایمان اور دین کی بنیاد ہے۔ علمائے کرام

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 3

بلدیہ عظمیٰ کراچی نے ملیر مین بڑی شاہراہ کی تعمیر و بحالی کے منصوبے کو حتمی شکل دیدی

منصوبے میں گلشن حدید سے اللہ والی چورنگی تک اہم سڑک کی بحالی نے ایک اہم سنگ میل عبور کرلیا ہے کیونکہ اس کا ٹینڈر باقاعدہ طور پر جاری کردیا گیا

یہ منصوبہ رہائشیوں کو سہولت فراہم کرنے، ٹریفک کے بہاؤ کو بہتر بنانے اور بڑھتی ہوئی آبادی کی ضروریات کو پورا کرنے کے لیے ترتیب دیا گیا ہے

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 7

کے الیکٹرک پر حکومتی واجبات میں 11 ارب روپے کا اضافہ

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 9

میرپورخاص ڈرائیونگ لائسنس برانچ میں رشوت کا خاتمہ

ڈرائیونگ لائسنس برانچ کے نئے انچارج ڈی ایس پی سید اعجاز شاہ نے چارج سنبھال لیا

سخت کارروائیاں شروع کرتے ہوئے رشوت اور سفارش کے تمام دروازے بند کردیے

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 2

خدمت کا جذبہ رکھنے والوں کیلئے اللہ تعالیٰ کے خزانے سے کمی نہیں ہوتی، سید وکیل احمد

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 8



علی حسن دل نے 47 امیدواروں کو اسسٹنٹ سب انسپکٹر اپائنٹمنٹ آرڈر جاری کردیے

کامیاب ہونے والے امیدواروں میں 33 مرد، 02 چینلائی کوڈ اور 12 خواتین شامل ہیں

یہ بھرتی مکمل طور پر میرٹ، شفافیت اور قانونی تقاضوں کے مطابق عمل میں لائی گئی ہے، نور چند

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 1

ملک اس وقت سنگین بحرانوں کا شکار ہے، عمران خان قوم کے دلوں میں بستے ہیں، فہیم خان

عوام کے دلوں میں نفرتیں بڑھانے کے بجائے عوام کی امنگوں کے مطابق فیصلے کیے جائیں اور عوام کا چوری شدہ مینڈیٹ واپس کیا جائے

عمران خان کی رہائی کے بغیر ملک نہیں چل سکتا، 27 ویں ترمیم سمیت دیگر مسائل سے توجہ ہٹانے کے لیے سازشیں کی جارہی ہیں، صدر پی ٹی آئی کراچی

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 10



پاکستان کا دفاع ناقابلِ تسخیر ہاتھوں میں ہے، ثروت اعجاز قادری

بہادر افواج مادرِ وطن کی حفاظت کیلئے ہر لمحہ تیار اور مستعد ہیں، پاکستان ایک ایٹمی طاقت ہے، اس کی دفاعی صلاحیتیں دنیا میں مستند اور مضبوط تصور کی جاتی ہیں

ملک دشمن عناصر اندرونی ہوں یا بیرونی، ان کی ہر سازش کو ناکام بنادیا جائے گا، اتحاد، استحکام اور یکجہتی ناگزیر ہے، چیئرمین پاکستان سنی تحریک

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 11

محمد یوسف نے G-5 Sector میں نئی سڑک کے تعمیراتی منصوبے کا افتتاح کردیا

نیو کراچی ٹاؤن میں 24 پارکوں کی تزئین و آرائش مکمل کرلی گئی ہے جبکہ 12 پارکوں پر ترقیاتی کام جاری ہے

600 گلیوں میں پیور بلاکس کی تنصیب پر کام تیزی سے جاری ہے، چیئرمین نیو کراچی ٹاؤن

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 4

کبھی نفرت کی سیاست نہیں کی، پیپلز پارٹی ایم کیو ایم پر الزام تراشی کر رہی ہے، رکن سندھ اسمبلی انجینئر عثمان

18 ویں ترمیم کے نام پر صوبائی خودمختاری کا نعرہ لگانے والے پیپلز پارٹی رہنما یہ نہیں بتاتے کہ اختیارات صوبے کے اندر کیوں منتقل نہیں کیے؟

نہیں لسانیت کا راگ الاپنے سے پہلے پیپلز پارٹی یہ بتائے کہ گزشتہ پندرہ برس میں سندھ کے شہری علاقوں کو تباہی کے سوا کیا دیا؟ شرجیل میمن کے بیان پر ردعمل

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 12

آفر آرڈر نہ ملنے کیخلاف پولیس کے ویٹنگ امیدواروں کا احتجاجی مظاہرہ

مظاہرین نے ہاتھوں میں پلے کارڈز اٹھا رکھے تھے جن پر اپنے مطالبات درج تھے

وزیراعلیٰ سندھ کی جانب سے 27 اکتوبر کو جاری کردہ لیٹر پر بھی تاحال عملدرآمد نہیں کیا جارہا ہے

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 5



چیئرمین نیو کراچی ٹاؤن محمد یوسف 5-GSECTOR میں نئی تعمیر ہونے والی سڑک کے تعمیر کے افتتاح پر عوام سے خطاب کررہے ہیں

میرپورخاص میں پلاٹ فروش کا شہری پر حملہ، رقم مانگنے پر قتل کی دھمکیاں

منظور پنہور کا الزام 6 ماہ سے رقم کی واپسی کے مطالبے پر مسلسل ٹرخایا جاتا رہا

ہوٹل میں دیکھتے ہی دلدار بھٹی کا مبینہ طور پر پسٹل نکال کر حملے کی کوشش



باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 6



میرپورخاص: پولیس میں بھرتی ہونے والے ویٹنگ امیدوار آفر لیٹر نہ ملنے کے خلاف احتجاج کررہے ہیں

عوام کو تجاوزات سے پاک بہتر ماحول فراہم کرینگے، فرید حنیف

سیکیورٹی کو بہتر بنانے کیلئے جدید کیمرے نصب کیے جائینگے، ابتدائی طور پر یوپی موڑ سے فور کے چورنگی تک کیمرے نصب کیے جائیں گے

اجلاس میں کلین، گرین اینڈ سیف سٹی پروگرام کے تحت ضلع بھر میں نگرانی کے نظام کو مزید مؤثر بنانے کے اقدامات پر تفصیلی غور کیا گیا

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 13



ملک شبر خان، ڈاکٹر حسین جعفری، ملک شہزاد اعوان اور نظام یاسین خان نیازی ٹرانسپورٹ کے اہم مسائل پر بات چیت کررہے ہیں

کراچی جرگہ 20 نومبر کو ملکی قیادت اور عمائدین کی بھرپور شرکت متوقع

اس جرگہ کی صدارت حاجی عبدالرزاق کریں گے، جبکہ شہر کی مختلف برادریوں اور تنظیموں کے نمائندے بڑی تعداد میں شریک ہوں گے

مہمانانِ خصوصی میں محمد سلیم، حنیف مولانائی، زبیر گانگرہ، اسحاق بوآنی، ڈاکٹر امجد گلزار، حسن قریشی اور ڈاکٹر سید عمران احمد شامل ہیں

ایگرو فرٹیلائزرز اور محکمہ زراعت پنجاب کا بہاولپور میں کسان کنونشن کا انعقاد

زرعی مشاورتی خدمات، تکنیکی معاونت اور جدید زرعی سلوشنز فراہم کرنے کیلئے قائم کیا گیا ہے

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 14

جھنڈے نہیں، نظام بدلنے سے قوم کی تقدیر بدلے گی، منعم ظفر خان

تمام ذمے داران اجتماع عام میں زیادہ سے زیادہ افراد کی شرکت یقینی بنائیں یہ اجتماع مظلوم عوام کی آواز اور ظالموں کے خلاف اعلان جہاد ہے

اجتماع عام ملک میں عدل و انصاف کے قیام، اتحادِ امت اور فلسطین و کشمیر کے مظلوموں کے لیے بیداری و مزاحمت کی نئی لہر کا نقطہ آغاز ہوگا، امیر جماعت اسلامی کراچی

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 18

نئی ملوں کا قیام، کاٹن زون میں سرفہرست رحیم یار خان شوگر زون میں تبدیل

گنے کی کاشت میں غیرمعمولی اضافے سے پانی کا ضیاع اور زیرِ زمین پانی کی سطح بلند

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 19

اقبال نے تسخیر کائنات کا کام اپنے شاہین نوجوانوں کے سپرد کیا، قاضی ارشد صدیقی

رسول اللہ ﷺ کی اطاعت کے رشتے میں منسلک ہوکر وہ ایک دوسرے سے وابستہ ہوجائیں

معلومات کے شرکاء سے پروفیسر عارف علوی، زاہد احمد، ڈاکٹر ایس ایم سعید، نوید پاشا و دیگر کا خطاب

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 15

کراچی: ایڈاریو ویلفیئر میں خسرہ و روبیلا اور پولیو ویکسین مہم 2025 کا افتتاح

یہ اعداد و شمار صوبہ بھر میں سخت اور مربوط ویکسینیشن مہم کی ضرورت کو اجاگر کرتے ہیں

ایم آر ویکسینیشن 30 اضلاع میں 6 سے 59 ماہ کی عمر کے بچوں کو لگائی جائے گی



عبداللہ شاہ غازی رینجرز کے سیکٹر کمانڈر بریگیڈیئر محمد اکرم اور ونگ کمانڈر لیفٹیننٹ کرنل ذیشان علی نے پاکستان ٹمبر ایسوسی ایشن کے دورے کے موقع پر ایسوسی ایشن کے عہدیداروں کے ہمراہ گروپ فوٹو

27 ویں ترمیم کیخلاف سندھ ہائیکورٹ میں ایک اور درخواست دائر

27 ویں ترمیم کو آئین سے متصادم قرار دیکر غیر آئینی قرار دیا جائے، بیرسٹر علی طاہر

27 ویں ترمیم اور اسکے تحت ہونے والی کارروائیاں کالعدم قرار دی جائیں، درخواست میں موقف

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 16

پاکستانی میوزک اسٹار فرحان سعید کا ڈیبیو سولو ٹریک خطا ریلیز

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 17

پاکستان کا کرنٹ اکاؤنٹ سرپلس سے خسارے میں چلا گیا

رواں مالی سال کے 4 ماہ میں ملکی کرنٹ اکاؤنٹ میں 73 کروڑ ڈالر کا خسارہ ہوا

اکتوبر میں ملکی کرنٹ اکاؤنٹ 11 کروڑ 20 لاکھ ڈالر خسارے میں چلا گیا

پی آئی اے اور بنگلہ دیش کی بمان ایئر لائن کے درمیان تاریخی کارگو معاہدہ

ملک میں بے روزگاری کا طوفان نہیں تھم رہا، علامہ باقر عباس زیدی

ملک میں بڑھتی ہوئی معاشی بے یقینی معاشی حکمت عملی کی ناکامی کا واضح ثبوت ہے

غیر مؤثر حکومتی پالیسیوں نے بے روزگاری کی شرح میں تشویشناک حد تک اضافہ کردیا ہے

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 20

رانا قیصر محمود کا حاجی پرویز اقبال کے انتقال پر گہرے دکھ کا اظہار

ایس این ایس پینل کے رہنما رانا قیصر محمود کا رانا شاہد اقبال سے اظہارِ تعزیت

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 21



آرٹس کونسل میں ورلڈ کلچر فیسٹیول میں فرانس کے سفیر ایچ ای نکولس گالے لائیو آرٹ تربیتی ورکشاپ میں مصور کا کام دیکھ رہے ہیں



ایچ بی ایل مائیکرو فنانس بینک اور سپارکو نے کلائمنٹ اسمارٹ فنانسنگ کے تحت قرضوں کی فراہمی کے موقع پر حکام کا گروپ فوٹو